© rasailojaraid.com

## تعارف و تبصرۂ کتب (۲)

نام کتاب: احکامِ طلاق مؤلف: ڈاکٹر حبیب الرحمٰن
ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد صفحات: ۱۷۳
قیمت: درج نہیں اشاعتِ اوّل: ۲۰۰۴ء مبصر: محمد اسحاق منصوری*

زیرِنظر کتاب کے مرتب ڈاکٹر حبیب الرحمٰن شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں پڑھا رہے ہیں، آپ درس نظامی کے فاضل ہیں۔ جامعۃ حنفیۃ کراچی کے مہتمم رہ چکے ہیں۔ یہ کتاب ۹/ابواب پر مشتمل ہے۔ (۱) طلاق اوراس کے متعلقات (۲) طلاق کا مفہوم اورشرائط (۳) طلاق کی اقسام (۴) خلع (۵) ایلا (۶) ظہار (۷) تفریق زوجین بذریعہ عدالت نمبرا (۸) تفریق زوجین بذریعہ عدالت نمبر۲ (۹) عدت۔

اسلام کے قانون نکاح وطلاق سے آگاہی ہر پڑھے لکھے مسلمان مرد وزن کے لیے ضروری ہے۔ عہد حاضر کے بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اس موضوع پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس اعتبار سے یہ کتاب جامعات و مدارس میں تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے بھی مفید ہے۔ اس کتاب میں قرآن و حدیث، آثار صحابہؓ اور مختلف فقہی مکاتب فکر کی اُمہاتِ کتب کے متعلقہ اقتباسات کا ترجمہ دے دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر مولانا اس سے پہلے ڈاکٹر مصطفیٰ سعید الخن کی کتاب اثر الاختلاف فی القواعد الاصولیہ فی اختلاف الفقہاء اور ڈاکٹر جمال الدین عطیہ کی تالیف النظریۃ العامۃ للشریعۃ الاسلامیۃ کے تراجم کر چکے ہیں۔

کتاب آسان اور رواں اردو میں ہے۔ خوبصورت سرورق کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔

کتاب کا اسلوبِ تالیف اتحادِ اُمت کا غماز ہے۔ قرآن وحدیث اور فقہ اسلامی کی بنیادی کتب سے استفادہ کر کے تمام فقہا کی قابلِ اعتنا آرا کو پیش کیا گیا ہے۔

اسلام کا قانونِ طلاق ایک ایسا صالح، جامع اور مکمل قانون ہے جسے دنیا کے قوانینِ ازدواج میں بہترین کہا جاسکتا ہے مگر اچھے خاصے پڑھے لکھے مسلمان بھی قانونِ طلاق کے معمولی مسائل سے بھی ناواقف ہیں، اس لیے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔

* پروفیسر، ڈاکٹر، مدیر، معارف مجلۂ تحقیق، کراچی برقی پتا: profdrishaq@gmail.com
تاریخِ موصولہ: ۷/۴/۲۰۱۴ء

© rasailojaraid.com